اس شخص نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی ہے

ابو شعثاء رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ ہم مسجد میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ مؤذن نے اذان دی، تو ایک آدمی کھڑا ہوا اور مسجد سے جانے لگا۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بغور اسے دیکھتے رہے حتی کہ وہ مسجد سے نکل گیا، تب ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس آدمی نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی ہے

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

ابو شعثاء رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ مسجد میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ مؤذن نے اذان دی، تو اذان کے بعد ایک آدمی کھڑا ہوکر چلنے لگا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس کی طرف دیکھنے لگے کہ کیا وہ مسجد سے باہر جانے والا ہے یا وہ کیا چاہتا ہے؟ جب انہیں پتہ چل گیا کہ وہ مسجد سے باہر نکل گیا، تو انھوں نے بتلایا کہ اس آدمی نے اپنے اس فعل کے ذریعہ نبی ﷺ کی نافرمانی کی ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5731